## ہنزہ نگر کے متاثرین کیلئے فوری طور پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے۔الطاف حسین

## ہنزہ گوجال کی متاثرہ مائیں، بہنیں، بچے، بزرگ اور نوجوان کئی دنوں سے کیمپوں میں پڑے ہیں لیکن ان کیلئے کسی بھی قسم کے ریلیف پیکج کا اعلان نہیں کیا گیا۔ہنزہ نگر کی متاثرہ ماؤں، بہنوں، بچوں اور بزرگوں سے الطاف حسین کا اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔ 22 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہنزہ نگر کے متاثرین کی حالت زار پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنزہ گوجال کے متاثرین کیلئے فوری طور پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لینڈ سلائیڈنگ اور مصنوعی جھیل کے باعث بے گھر ہونے والے ہنزہ گوجال کی متاثرہ مائیں، بہنیں، بچے، بزرگ اور نوجوان گزشتہ کئی دنوں سے کیمپوں میں پڑے ہیں اور کسمپرسی کی حالت میں مبتلا ہیں لیکن ابھی تک ان متاثرین کیلئے کسی بھی قسم کے ریلیف پیکج کا اعلان نہیں کیا گیا ہے جسکے باعث متاثرین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔جناب الطاف حسین نے ہنزہ نگر کی متاثرہ ماؤں، بہنوں، بچوں اور بزرگوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہنزہ نگر کے متاثرین کی ہنگامی بنیادوں پر امداد کی جائے اور متاثرین کیلئے فوری ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے پارلیمانی وفد کی ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ملاقات

اسلام آباد۔۔۔22، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی وفد نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ہفتہ کے روز وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کی۔ملاقات میں مجموعی سیاسی صورتحال اور کراچی میں گزشتہ دنوں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پر تفصیلی بات چیت ہوئی اور ایم کیوایم کی جانب سے تشویش کا اظہار کیا گیا۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کراچی میں بے گناہ افراد کی ہلاکتوں کی شدید مذمت کی اور لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ملاقات میں ایم کیوایم کے وفد نے ویلیوایڈڈ ٹیکس کے بارے میں تحفظات کا اظہار کیا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات پہنچانے کیلئے بجٹ تجاویز بھی وزیراعظم کو پیش کیں۔ایم کیوایم کے وفد نے کراچی میں ٹارگٹ کلنگ میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچانے اور کراچی ماس ٹرانزٹ پروگرام کیلئے مناسب فنڈ اور خصوصی دلچسپی کا مطالبہ کیا اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی جانب سے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تعاون اور ذاتی دلچسپی لینے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی طرف سے تشکر کا اظہار بھی کیا اس موقع پر ایم کیوایم کے وفد نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کو سندھ کے مختلف شہروں میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے افتتاح اور دورہ کی خصوصی دعوت دی جسے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے قبول کرلیا۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے واقعات مفاہمتی عمل کی پالیسی کو متاثر اور ختم کرنے کی سازش ہے ہم اس سازش کو مل کرنا کام بنائیں گے۔انہوں نے کہا کہ آنے والے بجٹ میں VAT کے بارے میں عوام میں شدید خدشات پائے جاتے ہیں آنے والے بجٹ میں ایسے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے جس سے عوام پر مہنگائی، غربت اور بے روزگاری میں نمایاں کمی واقع ہوسکے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے صوبہ پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، گلگت بلتستان میں جاری منصوبوں پر ترقیاتی کاموں کو مزید تیز کرنے اور کراچی، حیدرآباد، نوابشاہ، سکھر، لاڑکانہ، میرپورخاص اور دیگر علاقوں کے حوالے سے آئندہ بجٹ میں ترقیاتی فنڈ مختص کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ملاقات میں وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم حکومت کی اہم اور مضبوط اتحادی جماعت ہے اور ملک میں جاری مفاہمتی پالیسی میں ایم کیوایم کا ایک اہم کردار ہے۔انہوں نے ایم کیوایم کی جانب سے دی جانے والی بجٹ تجاویز کا خیر مقدم کیا اور ان تجاویز کو قابل عمل بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم کے عوامی نمائندوں کی جانب سے جاری ترقیاتی اسکیموں کی تعریف کی اور اس حوالے سے مستقبل میں بھی اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ وہ خود ان ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ اور افتتاح کریں گے۔وزیراعظم نے ملک میں جاری مفاہمتی عمل کو مزید تیز اور مضبوط کرنے کی ضرورت پر دیا اور اس عمل میں ایم کیوایم کے عملی کردار کی تعریف کی اور کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے اراکین پارلیمنٹ نے پارلیمنٹ اندر اور پارلیمنٹ سے باہر بھی مفاہمت کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے صدر جناب آصف علی زرداری کی بھرپور مدد کی جس پر میں ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا مشکور ہوں۔ایم کیوایم کے وفد میں حق پرست ارکان اسمبلی وسیم اختر، اقبال محمد علی خان، سفیان یوسف، ڈاکٹر ندیم احسان، شیخ صلاح الدین، عبدالرشید گوڈیل، ایس اقبال قادری، ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، سید طیب حسین، خواجہ سہیل منصور، سید آصف حسنین، صلاح الدین، ساجد احمد، ڈاکٹر ایوب شیخ محترمہ کشور زہرہ، محترمہ فوزیہ اعجاز، ڈاکٹر ناہید شاہد اور محترمہ عمرانہ سعید شامل تھیں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں
## الطاف حسین کی اپیل پر ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے عوام اور مخیّر حضرات بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیوں کے باعث گہما گہمی

کراچی۔۔۔22مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع ایس ٹی 7فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں لگائے گئے مرکزی امدادی کیمپ میں عوام اور مخیّر حضرات قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اور امدادی سامان،نقد عطیات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء بڑی مقدار میں جمع کرا رہے ہیں۔ہنزہ متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کے باعث خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی سے ہنزہ متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان کی دو کھیپ روانہ کی جا چکی ہیں جنہیں متاثرین میں تقسیم بھی کر دیا گیا ہے جبکہ اسی طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایک کھیپ گزشتہ روز راولپنڈی سے بھی روانہ کی گئی ہے۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے عوام اور مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ہنزہ متاثرین کی امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کریں۔

## ایم کیو ایم کے زیر اہتمام 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والا سندھ کنونشن ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کر دیا گیا
## سندھ میں جاری ممبر سازی مہم بدستور جاری رہے گی،رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ

کراچی۔۔22مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام 28 مئی کو بھٹ شاہ میں ہونے والا سندھ کنونشن ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کر دیا گیا۔تاہم سندھ میں جاری ممبر سازی مہم بدستور جاری رہے گی۔اس بات کا فیصلہ رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا۔رابطہ کمیٹی کے فیصلے کے مطابق کنونشن کی اگلی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

## غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی کے انقلاب کا راستہ روکا نہیں جاسکے گا،رابطہ کمیٹی
## ڈیرہ مراد جمالی میں ریلی کے انعقاد پر ایم کیو ایم بلوچستان کے کارکنان کو خراج تحسین

کراچی۔۔۔یکم مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب میں ایم کیو ایم کے کنونشن کی کامیابی کی خوشی میں ایم کیو ایم بلوچستان کے تحت ڈیرہ مراد جمالی میں ریلی کے انعقاد پر ایم کیو ایم بلوچستان کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر میں ایم کیو ایم کا پیغام تیزی سے فروغ پا رہا ہے اور عوام میں شعوری بیداری کا عمل تیز ہو چکا ہے۔انشاءاللہ اب غریب و متوسط طبقہ کی حکمرانی کے انقلاب کا راستہ روکا نہیں جاسکے گا۔رابطہ کمیٹی نے ریلی میں شرکت کرنے والے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو زبردست شاباش دیتے ہوئے کہا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا حق پرستانہ پیغام عام کرنے کیلئے مزید محنت و لگن سے کام کرتے رہیں۔

## صوبائی وزیر نادیہ گبول نے نیو کراچی کی رہائشی خاتون کی عیادت کی

کراچی۔۔۔ 22 مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق کمیشن محترمہ نادیہ گبول نے نیو کراچی کی رہائشی خاتون کے چہرے پر شوہر کی جانب تیزاب پھینکنے کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا اور سول اسپتال کے برنس وارڈ آئی سی یو کا دورہ کر کے متاثرہ خاتون یاسمین کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی،ڈاکٹرز کے مطابق خاتون کا چہرہ تیزاب سے بری طرح جھلس گیا ہے اور وہ سول اسپتال کے برنس وارڈ میں زیر علاج ہے۔نادیہ گبول کچھ دیر وہاں رہی اور انہوں نے ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹرز کو ہدایت دی کہ وہ مریضہ کے علاج معالجے میں کسی بھی قسم کی کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔انہوں نے مریضہ یاسمین اور ان کے اہلخانہ سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا اور مریضہ کی صحت و تندرستی کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

## پاکستان میں غریبوں اور مظلوموں کی حکمرانی کا وقت قریب آچکا ہے۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

## ایم کیو ایم یو ایس اے کا 14 واں سالانہ کنونشن شروع تقریبات 3 روز جاری رہیں گی

میامی یو ایس سی۔۔۔21 مئی 2010ء

ایم کیو ایم یو ایس اے کا 14 واں سالانہ کنونشن امریکہ کی ریاست میامی کے شہر Fort lauderdalo میں شروع ہوگیا۔اس کنونشن کی تقریبات تین روز تک جاری رہیں گی۔ میامی USA 21 مئی 2010 کو منعقد ہونے والے MQM کے 14 ویں کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے شمالی امریکہ کے نگراں اعلیٰ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ الطاف حسین کا فکر وفلسفہ سچائی اور عملیت پسندی کے سبب پاکستان کے غریبوں کی امیدوں کا مرکز بن چکا ہے اور اب وہ دن دور نہیں جب پاکستان کا اقتدار غریب اور متوسط طبقے کے ہاتھوں میں ہوگا۔ 25 اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن میں اسی انقلاب کی نوید دی ہے جس کیلئے قائدِ تحریک الطاف حسین نے پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کے لئے 120 گز کے مکان سے تحریک کا آغاز کیا۔گزشتہ 32 برسوں میں تحریک کے ہزاروں ساتھیوں نے اپنے خون سے اس تحریک کی آبیاری کی یہاں تک کے قائدِ تحریک الطاف حسین نے اپنے بھائی اور بھتیجے کے خون سے اس تحریک کو سینچا ہے۔ایم کیو ایم کے قیام سے ہی اس کے خلاف سازشیں کی جانے لگیں اور آج بھی کسی نہ کسی شکل میں جاری ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے واقعات اسی سلسلے کی کڑی ہیں ہم ان واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ ان واقعات میں شہید ہونے والوں کی اللہ مغفرت فرمائے۔شمالی امریکہ کے کارکنان کا یہ جمِ غفیر اس بات کی غمازی کر رہا ہے کہ وہ وطن سے دور رہنے کے باوجود ہمارے دل قائدِ تحریک الطاف حسین کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔آج ایم کیو ایم کے 14 ویں کنونشن کے موقع پر ہم کارکنان کو یہ سوچنا ہوگا کہ ہم تحریک کا کام کس طرح سے بہتر بنا سکتے ہیں اور وطن سے دور رہ کر بھی تحریک کے مقاصد کو حاصل کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے قبل عباد الرحمٰن، کمال ظفر، رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر فرحت اللہ خان، رکن صوبائی اسمبلی عبد المعید صدیقی نے بھی خطاب کیا۔

## غریب عوام سے ریلوے کی سفری سہولیات چھینی جارہی ہیں، ارکان قومی اسمبلی

## روزانہ ٹرینوں کے انجن خراب ہورہے ہیں، انتظامیہ کی نااہلی کے باعث متعدد ٹرینیں بند ہوچکی ہیں

کراچی۔۔۔22 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے محکمہ ریلوے کی انتظامیہ کی نااہلی کے باعث ٹرینوں میں مسلسل فنی خرابی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ محکمہ ریلوے کو نااہل افسران نے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے روزانہ ٹرینوں کے انجن خراب ہورہے ہیں، انتظامیہ کی نااہلی کے باعث متعدد ٹرینیں بند ہوچکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے پولیس اہلکار اور دیگر عملہ ٹکٹ بلیک کر رہا ہے اور بغیر ٹکٹ کے پیسے لے کر درجنوں افراد کو ٹرین میں سفر کروا کر نہ صرف اپنی جیبیں بھر رہے ہیں بلکہ قومی ادارے کو نقصان بھی پہنچا رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ ریلوے کی انتظامیہ کرپشن کو روکنے کے بجائے ریل گاڑیوں اور بوگیوں کی تعداد اور روٹ ختم کر رہی ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ غریب عوام سے ریلوے کی سفری سہولیات چھینی جارہی ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ محکمہ ریلوے کے معاملات بہتر بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور کرپشن روکنے کیلئے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جائے۔

☆☆☆☆☆